①

11/01/2018

بخدمت جناب سکریٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

موضوع: اعتراضات وتجاویز برائے حلقہ **NA270** پنجگور کم واشک کم خاران کم آواران

جناب عالی،

بمعاملہ حلقے کے سلسلے میں الیکشن سال 2017 کے شق نمبر 12 کے تحت میں عبدالخالق ولد عبدالرحمان سکنہ بیسمہ ضلع واشک قومی شناختی کارڈ نمبر 515303-8365645-5 انتخابی فہرست سیاہوزئی سیریل نمبر 49 کے تحت ابتدائی تجویز برائے حلقہ بندی اور نئے انتخابی حلقہ این اے 270 پر اپنے اعتراضات جمع کرتا ہوں۔

جناب استدعا یہ ہے کہ اس سے قبل یہ حلقہ خاران کم واشک کم پنجگور پر مشتمل تھا، تینوں اضلاع کی آبادی 648743 بنتی ہے۔ مگر اس دفعہ 2018 کے حلقہ بندی میں ضلع آواران کو اس حلقے میں شامل کر کے رقبے کے لحاظ سے بہت ہی طویل حلقہ بنادیا گیا ہے۔ جبکہ بلوچستان سے این اے 260 نصیر آباد کی کل آبادی 492609 ہے۔ اور این اے 262 کچھی کم جھل مگسی کی کُل آبادی 386255 ہے۔ ان دونوں حلقوں سے خاران کم پنجگور کم واشک جو کہ سابقہ قومی حلقہ تھا کی آبادی زیادہ ہے۔ ضلع آواران کو اس میں شامل نہیں کرنا چاہئے تھا۔ ضلع آواران اس سے قبل قومی اسمبلی کے حلقہ لسبیلہ کے ساتھ تھا۔ لسبیلہ ضلع کی آبادی 574292 ہے۔ جس کے دو صوبائی حلقے ہیں۔ فارمولہ کے حساب سے دو

آواران کے ساتھ شامل کر کے ایک صوبائی حلقہ بنایا جاسکتا تھا۔ جو کہ لسبیلہ کے سابقہ قومی حلقہ میں شامل تھا۔ این اے 272 لسبیلہ کم گوادر کی آبادی 837806 ہے اگر آواران ضلع کے 122011 کی آبادی این اے 272 میں شامل کیا جائے تو ٹوٹل آبادی 959817 بنتی ہیں۔ کوئی خاص فرق نہیں کیوں کہ بلوچستان سے این اے 271 کیچ کی آبادی بھی 909116 ہے۔ اور این اے 268 مستونگ کم چاغی کم قلات کم شہید سکندر آباد کم نوشکی کی آبادی 1083497 پر رکھا ہے۔

لہذا پنجگور واشک اور ضلع خاران کے ساتھ ضلع آواران کا کسی قسم کا سیاسی، معاشی، سماجی و علاقائی تعلق داری نہیں ہے۔ اور نہ آواران کے ساتھ براہ راست ان علاقوں کا کوئی روڈ لنک ہے۔ وہ ایک دوسرے کو کسی طرح Connect نہیں کرتے۔

لہذا اس سلسلے میں میرے درجہ ذیل تجاویز ہیں۔

۱۔ این اے خاران کم واشک کم پنجگور کی سابقہ حیثیت برقرار رکھی جائے۔

۲۔ ضلع آواران کو این اے 270 سے نکال کر این اے 272 لسبیلہ کم گوادر میں شامل کیا جائے۔

درخواست گزار کے تجویز کردہ حلقوں کے نقشے منسلک ہیں۔

درخواست گزار: عبدالخالق ولد عبدالرحمان

سابق چیرمین ضلع کونسل خاران، ضلع کونسل واشک

سابق اُمیدوار قومی اسمبلی، صوبائی جنرل سکریٹری نیشنل پارٹی بلوچستان

پتہ: فاروق کلاتھ سنٹر فتح خان مارکیٹ ایم اے جناح روڈ کوئٹہ

فون نمبر: 0310-8000177, 0303-0515424